کو بدعتی اور گمراہ کہتے ہیں مگر پاکستان میں اُن کے درمیان کوئی اختلاف نہیں۔ انہوں نے پاکستان کو مختلف حلقوں میں بانٹ رکھا ہے اور کوئی فرقہ، دوسرے فرقے کے حلقۂ اثر میں مداخلت نہیں کرتا۔

ڈاکٹر صدیقی صاحب نے محنت سے یہ رپورٹ مرتب کی ہے۔ انہوں نے مسیحی اداروں کے بارے میں ممکن حد تک اعداد و شمار مہیا کر دیتے ہیں تاہم اس موضوع پر مزید کام ہونا چاہیئے۔

اس رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ بائبل کی نشر و اشاعت پر ہر مشن لاکھوں روپے خرچ کرتا ہے اور مجموعی طور پر بائبل کی سالانہ اشاعت کروڑوں میں ہے مسیحی تبلیغی ادارے تو ایک محرّف اور مردہ کتاب پر اس قدر محنت کر رہے ہیں مگر ہم کتابِ زندگی (قرآن) کی اشاعت کے لیے اتنے سرگرم نہیں۔ دنیا کی کئی زبانیں ایسی ہیں جن میں قرآنِ مجید کے تراجم نہیں ملتے۔ ہمیں بھی قرآنِ مجید کے تراجم اور خوبصورت ایڈیشنوں کی اشاعت کرنی چاہیئے۔

مختصر سے تعارف میں کتاب کی تمام خوبیوں کا احاطہ نہیں کیا جا سکتا۔ مختصر یہ کہ اپنے موضوع پر بہت اچھی کوشش ہے۔ کام پر مؤلف اور ناشر مبارک باد کے مستحق ہیں۔ راقم الحروف، قارئینِ "محدث" کو مشورہ دیتا ہے کہ وہ اس کتاب کو بہ نظرِ غائر پڑھیں، اور بڑھتے ہوئے ارتداد کے تدارک کے لئے کوشش کریں۔

(ابو شاہد)

فقہاءِ سبعہؒ

از شیخ الحدیث مولانا محمد اسحاق صاحب

ضخامت۔ ۱۲۴ صفحات مجلد بڑا سائز

کاغذ، کتابت، طباعت عمدہ

قیمت۔ بارہ روپے

ناشر۔ اسلامک پبلشنگ ہاؤس شیش محل روڈ۔ لاہور

صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے بعد جن اصحابِ علم و فضل اور اربابِ فکر و نظر نے علمِ کتاب و سنت کی شمع روشن رکھی اور اپنے خلوص و للّٰہیت، اتباعِ سنت، اخلاصِ عمل اور حسنِ کردار کے گہرے نقوش صفحۂ تاریخ پر ثبت کئے وہ تابعینِ عظام رحمہم اللہ ہیں۔ یہ اصحاب صحابہ کرامؓ ہی